Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

السلام علیکم!!!

ہماری ویب سائٹ پر شائع ہونے والے تمام ناولز اور مواد مصنفہ / مصنف کے نام اور ٹائٹل سے محفوظ ہیں۔

ان تحریر کے رائٹس کریزی فینز آف ناول اور مصنفہ / مصنف کے پاس محفوظ ہیں بغیر اجازت کوئی بھی شخص ان تمام ناولز مواد کی نقل نہیں کر سکتا۔

نقل شدہ مواد پکڑے جانے کی صورت میں متعلقہ فرد، بلاگ یا ویب سائیٹ کو در پیش آنے والے مسائل کا وہ خود ذمہ دار ہو گا۔

نوٹ:

ہمیں اپنی ویب سائٹ کریزی فینز اوف ناول کے لئے لکھاریوں کی ضرورت ہے اگر آپ ہماری ویب سائٹ پہ اپنے ناول، افسانے، کالم، آرٹیکل اور شاعری شائع کروانا چاہتے ہیں تو اردو میں ٹائپ کر کے مندرجہ ذیل زریع کو استعمال کرتے ہوئے ہمیں بھیج سکتے ہیں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انشاءاللہ آپ کی تحریر دو دن کے اندر ویب سائٹ پر شائع کر دی جائے گی۔

تفصیلات کے لیے ان رابطوں کا انتخاب کیجیے۔

Email : crazyfansofnovel@gmail.com

Facebook Page : fb.me/CrazyFansOfNovel

Facebook Group : https://web.facebook.com/groups/292572831468911/

Website Url : https://crazyfansofnovel.com

شکریہ

انتظامیہ کریزی فینز آف ناول!!!!!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL

❤وجدان محبت❤

رائٹر پاکیزہ طیبہ

قسط ۵

..عاقب بغور یاسر کا چہرہ دیکھ رہا تھا

"کونسی لڑکی...؟؟"

..یاسر اپنے تاثرات نارمل کرتا ناسمجھی سے بولا

"...عینہ تھی"

...کیا اب بھ بھابی

...یہ نمبر تو گھر ہوتا ہے..ایمان کے پاس

..صرف ایک سسکی سنائی دی..اور نمبر بند ہو گیا

...عاقب نے ہارے ہوئے لہجے میں بتایا

کیا...؟؟

..اور تمہے کسے پتہ وہ عینہ تھی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Wajdan Mobbhat | By Pakezza Tayyab (Episode 5)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیونکہ میں اُس کی اواز سننے کے ساتھ اُسے محسوس بھی کر سکتا

..ہوں

"تم پاگل ہو گئے ہو...؟؟"

میں ایمان سے پوچھتا ہوں یہ نمبر اُس کے پاس

..ہے.. شاید فون بچوں نے نہ پکڑا ہو... تمہارے کان بج رہے ہیں

..یاسر فون اُٹھاتا بولا

سوچنے کی بات یہ ہے.. پہلے کچھ بولا نہ گیا اور سسکی کے بعد

فون بند... اور اب تک فون پاورڈ اوف... میرا شک یقین

..میں بدلنے کے لئے کافی ہے

..عاقب تھرے ہوئے لہجے میں وارن کراتا بولا

"عینہ کہاں ہے..؟؟"

..سختی سے پوچھا گیا

تم نے بیٹھے بیٹھے پوری کہانی گھڑ لی.. مجھے دیکھنے تو دو یہ نمبر کس

..کے پاس ہے... اور عینہ تو جسے میری سالی ہے ناں جو مجھے پتہ ہو گا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

....ٹھیک ہے کرو بھابی کو فون

عاقب کرسی کے ساتھ ٹیک لگاتے بولا...سارا فوکس یاسر کے چہرے پر ہی تھا..وہ سمجھ نہیں پا رہا تھا...یقین کرے یا نہ کرے..

یاسر نے ڈرتے ڈرتے ایمان کا نمبر ڈائل کیا...وہ سب اللہ پہ چھوڑ چکا تھا...

..ہیلو ایمان

..یاسر میں بہت بزی ہوں..جلدی بولیں کام

..اجلت میں کہا گیا

..یار کام کچھ نہیں ہے...یہ بتاؤ..یہ نمبر کس کے پاس ہے...یاسر نے فوری نمبر بولا

یاسر یہ تو بچوں کے پاس جو موبائل تھا..اُس میں ہے....کل سے فون لے کر بیٹھے تھے..اب بند ہو گیا...پتہ نہیں چل نہیں رہا...میری جان کو رو رہے ہیں..کہاں بھی تھا...اُن کا ٹیب

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

خراب ہے..نیا لادیں..اب فون بھی خراب کر دیا

..ہے..اب یاد ایا آپ کو پوچھنا

ایمان تیز تیز اکتاہی ہوئی بول رہی تھی..یاسر دل میں اللہ کا

شکر ادا کرتا پھر مسکراتے ہوئے ایمان کی باتوں پہ جی جی کہہ کر

..فون بند کر دیا

...لو سن لو

..تمہارے سامنے ہوئی بات...اور اتنی لمبی تقریر بھی سن لی

..یاسر فون ٹیبل پر پٹختے خفگی سے بولا

ایک کال انے پر تم نے پوری ٹفتیش کروالی..کسی بچے نے شرارت کی ہو

..گی کوئی...اور تمہے لگا عینہ ہے.حد ہے دیوانگی کی

..ناراض تو نہ ہو...ایک امید ملی تھی..جسے لگا دوبارہ زندگی مل گئی ہو

یار تجھے کیوں لگتا ہے...عینہ مجھے بتا کر گئی ہے..جب وہ گئی تھی تب تو

..میں اس شہر میں بھی نہیں تھا

وہ تمہے اپنا بھائی کہتی تھی..کہتی تھی اگر کبھی کچھ معلوم کرنا ہو یاسر بھائی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سے پوچھ لینا... سیدھا جا کر معلوم کرنے والے مقام پر کھڑا کر دیں گے..

عاقب نظریں چراتا بتا رہا تھا..

یار میں کوشش کر تو رہا ہوں ڈھونڈنے کی... فاریہ بھی اپنا منہ ادھی بات بتا کر بند کر چکی ہے.. اب اللہ ہی ہماری مدد کر سکتا ہے..

اب تو امید بھی ختم ہونے والی ہے..

عاقب افسردگی سے تھکے ہوئے انداز میں کہہ کر کھڑا ہوا

ہمت ہار جاؤ گے تو زندگی کیسے جیو گے..؟؟

زندگی کو گھسیٹ تو رہا ہوں... زندہ ہوں ناں... اسے جینا ہی کہتے ہیں..

عاقب انکھوں میں دکھ لیے جتاتے ہوئے بولا

اگر عینہ مل گئ تو تم بنا کسی شکایت کے اپنا لو گے...

یاسر نے اچانک ہی سوال داغا..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"اپنا نا سہ ہوتا تو اتنا تڑپتا کیوں...؟؟"

..پھیکا سا مسکراتے ہوئے اُلٹا سوال کیا گیا

..ہاں یہ بھی ہے

" !!...ویسے اتنی محبت "

..یاسر ایک ائی برو اُٹھائے بولا

کیونکہ میں جانتا ہوں اُس کی کوئی غلطی نہیں ہے..بس

" ایک مسئلہ ہے اُس کا"لوگ کیا سوچیں گے

عاقب نے منہ کے زاویے بگاڑتے کہا..اب کہیں سے بھی

نہیں لگ رہا تھا.وہ اندر سے کتنا ٹوٹا ہوا ہے..اُس کے ذکر پر وہ اسے

..ہی کھل اُٹھتا تھا

یار میں کبھی کبھی سوچتا ہوں...اتنی ٹلینٹڈ کونفیڈینٹ لڑکی کیوں لوگوں کی

پرواکرتی ہے..؟؟

..کیونکہ وہ ضرورت سے زیادہ احساس ہے

...فوری صفائی دی گئی تھی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بس یہ دعا کرنا وہ جہاں ہو بلکل ٹھیک ہو... کبھی کبھی دل بند ہونے لگتا ہے نا جانے کیوں...

عاقب نے اپنا ماتھا بے بسی سے مسلتے کہا..

ان شاء اللہ... وہ جہاں بھی ہو گی ٹھیک ہو گی..

تم فکر نہ کرو.. گھر والوں کے ساتھ اپنا رویہ ٹھیک رکھو... معنی خیز انداز میں کہا گیا

ابھی کل انکل کا فون ایا تھا بتا رہے تھے.. شادی والا گھر ہے اور

عاقب افس سے ادھی ادھی رات کو اتا ہے.. کوئی دلچسپی نہیں لیتا..

یار گھر والوں کے لئے بھی اپنے دل میں گنجائش نکالو..

یاسر شکوہ کر کے سمجھاتے ہوئے بولا..

کوشش کر تو رہا ہوں.. چلو چلتا.. سوری تمہے تنگ کیا..

ارے یار رکو... چائے پی کر جانا.. میرے تو ذہن میں ہی نہیں رہا..

عاقب کیبن سے نکل ہی رہا تھا کہ یاسر کو اچانک یاد ایا تو

اسرار کرتا اُٹھتے ہوئے بولا..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..نہیں یار..اگلی بار...ابھی کے لئے اتنا ہی کافی ہے

..عاقب رسماً مسکراتا ہوا پلٹ گیا

"..افففف...."اللہ ہر کام میں تیری رضا ہے

یاسر کرسی پر ڈھنے کے انداز میں بیٹھتے ہوئے پر سکون سانس

..لیتے بولا

سحر غلطی سے بھی یہ غلطی کسے کر گئ...مجھے کچھ کرنا ہو گا...ورنہ

میں اچھا بھائی ثابت ہونے کے چکر میں اپنے دوست کا

..بھروسہ کھو دوں گا

یاسر کچھ سوچتے ہوئے فٹ سے کھڑا ہوا..اور اپنی چیزیں سمیٹنے

..ہوئے گاڑی کی چابی اور موبائل اُٹھا کر باہر نکلا

...سحر

انس دروازہ ناک کر کے اندر آیا تو سحر کو کسی سوچ میں ڈوبے

..پایا...اس وقت اس کے چہرے پر اذیت ہی اذیت تھی

"سحر...!"طبیعت ٹھیک ہے..؟؟

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Wajdan Mobbhat | By Pakezza Tayyab (Episode 5)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..انس فکر مندی سے بولا

"ہوں ہاں ٹھیک ہوں.." یہ عابی کہاں ہے..؟؟

..وہ نیچے کالونی کے پارک میں کھیل رہا ہے

میں یہ بتانے ایا تھا.. اپی اور یاسر بھائی ارہے ہیں.. تو کھانا

...اچھا بنالینا.. کچھ منگوانا ہو تو بتادینا

..عینہ انس کی بات سن کر فاری ٹھنکی

"خیریت سے ارہے ہیں..؟؟"

!..گھر میں تو شادی ہے

پتہ نہیں بھائی کہہ رہے تھے.. نکلنے لگے ہیں.. شاید تمہے لینے ارہے ہیں...

...اب پلیز تڑلے نہ کروانا... چلی جانا

...ہوں

...عینہ نے لب بھینچے سر ہلایا

...فون دو اپنا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیوں تمہارا فون کہاں گیا ہے...؟؟

...انس نے ایک ائی برو اُٹھائے پوچھا

..سم ٹوٹ گئی مجھ سے

..فون چینج کر رہی تھی تو بے دھیانی میں ٹوٹ گئی

...سحر نظریں کمرے پر ڈوراتے بولی

"کونسے فون میں ڈال رہی تھی..؟؟"

..افف انس..!اتنے سوال کیوں کرتے ہو..جاؤ نہ دو فون

..عینہ نے ماتھے پر بل ڈالے خفگی سے کہا

اچھا یہ لو غصہ نہ کرو....بس اپنے لاڈلے کو نہ دینا..

..ورنہ پھر میرے فون کی شان میں گستاخی کرے گا

..انس زبردستی سحر کو فون پکڑا کر کمرے سے نکل گیا

..سحر نے جلدی سے یاسر کا نمبر ملایا

!!...اسلام علیکم بھائی

..سب خیریت ہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

.. سحر نے فکر مندی سے پوچھا

...ولسلام

ہاں ارہے ہیں... اکر بات کرتے... ابھی میں ڈرائیو کر رہا ہوں.. اور

... تمہاری بہن غصہ پی رہی ہے

"بھائی ہوا کیا ہے...؟؟"

.. بہنا آپ کا نمبر لیک اوٹ ہو گیا ہے

سحر کو ساری بات سمجھ آ چکی تھی.. پھنسی ہوئی آواز میں او کے

کہا فون اُس کے ہاتھ سے پھسل کر گود میں گر گیا تھا.. اور وہ بے

.. حس و حرکت بیٹھی رہی

... میں کیوں اتنی بے بس ہو گئی تھی

.. سحر اپنے آپ کو کوستے بولی

یاسر گھر میں اتنا کام تھا.. ڈیڈ کو کتنا بُرا لگا ہو گا.. گھر کی پہلی

شادی اتنی دھوم دھام سے ہو رہی ہے.. اتنے کام تھے اور آپ مجھے

.. سحر کو شادی پر لانے کے لئے لے کر جا رہے ہیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"اور یہ نمبر کا کیا معاملا ہے..؟؟"

..ایمان خفگی بھرے لہجے میں بول رہی تھی

بیگم مجھے اج تم پر بہت پیار آیا تھا...وہ تو میں بتانا ہی بھول گیا..

..یاسر ایمان کا گال چومتے شرارت سے بولا

...شرم کریں ہم گاڑی میں ہیں

..آپ کہیں بھی شروع ہو جاتے ہیں

..ایمان اپنے سرخ چہرے کو نارمل کرنے کی کوشش کرتے بولی

اور آپ نے اتنے سیمیں کیوں نکلوائی ہیں..کوئی کسی فون میں کوئی کسی ٹیب میں ڈالی ہوئی سم..اور بچوں کو اتنی عادت ہو گی ہے موبائل کی..دن رات فون میں منہ ڈال کر بیٹھے ہوتے..یہ سب آپ کے ڈھیل کی وجہ سے ہے..

..اتنی ازادی ابھی سے نہ دیں

ایمان گھریلو عورتوں کی طرح بحث کر رہی تھی اور یاسر یہ سوچ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

رہا تھا کہ میری بیوی کو اپنی بہن کا نمبر ہی نہیں یاد... بے شک اس کے اپنے نمبر سے کافی ملتا جلتا ہے..

تمہے ایک کام کرو چپ کر کے میرا اپنا اور سحر کا نمبر رٹ لو.. یاسر مسکراہٹ دباتے بولا.. ایمان کا تو منہ ہی کھل گیا تھا آپ کچھ پاگلوں والی باتیں نہیں کر رہے..

ایمان ایک ائی برو اُٹھائے جانچتی نظروں سے دیکھتے بولی...

یاسر اپنی مسکراہٹ ضبط کرنے کے چکر میں ہلکان ہو رہا تھا.....

یاسر....

اچھا میرا نمبر بتاؤ کیا ہے... زبانی...

وہ وہ

ہاں ہاں تمہے تو میرا نمبر نہیں یاد ٹھیک سے... اب تمہاری سزا ہے... جب تک ہم پہنچ نہیں جاتے نمبر رٹ لو... کبھی بھی کسی بھی ایمرجنسی میں فون گم ہو جاتا تو نمبر تو یاد ہونا چاہیئے ناں...

چلو شاباش لگ جاؤ کام پر...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یاسر ایمان کا جلالی موڈ اون کر چکا تھا اب سارا راستہ ان دونوں کی بحث نہیں ختم ہونی تھی....

عاقب واپس اپنے افس اگیا.. اور ریسیپشن پر نوڈ سٹرب کا کہہ کر افس میں اندھیرا کر کے بیٹھ گیا...

فاریہ....

تم نے میری ویران کر دی ہے.. کیوں اتنے بُرے لوگ ہوتے ہیں..

کرسی کی پشت سے سر ٹیکائے انکھیں موندیں وہ پھر سوچوں میں ڈوب گیا تھا..

عاقب عجلت میں نکل رہا تھا کہ شاہد صاحب کے پکارنے پر رک گیا...

جی ڈیڈ...

بیٹھو کچھ بات کرنی ہے..

ڈیڈ رات میں بات کریں.. ابھی میں لیٹ ہو رہا ہوں..

عاقب کو بے چینی سے ہو رہی تھی.. وہ جلد سے جلد جانا چاہتا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..تھا

پانچ منٹ بیٹھ جاؤ...پھر چلے جانا افس...میں

..سائیت کا وزٹ کر کے اؤں گا

...جی بولیں

"تمہے فاریہ کسی لگتی ہے..؟"

"..زہر"

..فوری جواب دیا گیا..شاہد صاحب کی بھنویں تنیں

فیاض نے دبے لفظوں میں تمہارے اور فاریہ کے رشتے کی

...بات کی ہے

.میری بات پوری سن لو

عاقب کے لب ہیلے ہی تھے کہ شاہد صاحب نے انگلی اٹھا کر

..روکا

وہ میرا بہت اچھا دوست ہے..اس نظر سے ایک دفعہ

فاریہ سے مل لو..اس سے ہمیں ہی فائدہ ہو گا بزنس سرکل

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

...میں بھی..سوچ سمجھ کر جواب دینا

ڈیڈ میں اپنے لئے لڑکی پسند کر چکا ہوں..اور فاریہ سے ہی اخلاق کی اچھی ہے اور سے ہی کردار کی...مجھے زندگی گزارنی نہیں ہے..جینی ہے..

..اس لئے میرا جواب سوچنے کے بعد بھی سے ہی ہوگا

عاقب اٹل لہجے میں کہتا لمبے ڈگ بھرتا راہداری عبور کر گیا..

..ہاں مس عینہ افس ائی ہیں

ایک ہاتھ سے فون کان سے لگاتے دوسرے ہاتھ سے گاڑی کا دروازہ کھولتے بولا..

!!...اوکے

دوسری طرف کا جواب سن کر کچھ سوچتے وہ گاڑی ڈرائیو کرنے لگا..کیونکہ جواب اُس کی توقع کے مطابق ایا تھا..

عینہ ساری رات ڈر کے مارے سوچتے سوچتے صبح فجر کے وقت سوئی تھی..اور اب 11 بجے اٹھی تھی...افس جانے کا اُس کا کوئی ارادہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں تھا.. وہ کچھ اور ہی سوچے بیٹھی تھی.. لیکن قدرت کو کچھ اور ہی منظور تھا..

جب بھوک کی شدت بھر گئ تو بے دلی سے اُٹھی اور فریش ہو کر اپنے کمرے سے نکلی..

گیلے بال جو کے کمر پر ابشار کی طرح پھیلے ہوئے تھے.. لانگ پرنٹیڈ شرٹ کے ساتھ سفید چوری پاجامہ پہنے ڈوبٹے کو گلے کا ہار بنائے جب وہ دو قدم آگے ائے تو اُس کی انکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئیں.. عاقب اپنی پوری وجاہت کے ساتھ سکائے بلو شرٹ کے ساتھ بلو جینز پہنے بالوں کو مہارت سے سیٹ کیے انکھوں میں چمک لیے لاونج میں صوفے پر بیٹھا ہوا تھا..

عینہ کو یقین کتنے میں دیر نہ لگی کہ وہ کبھی بھی اسکتا ہے..

اپنا غصہ ضبط کرتے وہ اُس کے سامنے جا کر کھڑی ہو گئ اور سخت نظروں سے گھورنے لگی.... عاقب مسکراتے ہوئے گھوریوں کی پروا کیے بغیر انکھوں کے ذریعے اپنے اندر اُتار رہا تھا..

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Wajdan Mobbhat | By Pakezza Tayyab (Episode 5)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"سر آپ یہاں کیا کر رہے ہیں...؟؟"

..دانت پیستے ہوئے پوچھا گیا

"آج تمہے افس نہیں آنا تھا...؟؟"

..آبرو اچکائے الٹا سوال پوچھا گیا

..وہ وہ میں ابھی اُٹھی تھی

..عینہ نے گھبراتے ہوئے ادھر اُدھر دیکھتے بولا

..کوئی بات نہیں ابھی چلو

عاقب کھڑا ہوتا بولا.. توعینہ اپنی گھبراہٹ پر قابو پاتے کن

..اکھیوں سے اُسے دیکھنے لگی

..مجھے نہیں جانا

..بے زاری سے چبا کر کہا گیا

تو ٹھیک ہے.. میں بھی ادھر ہی بیٹھا ہوں.. ناشتا بنانے جا

..رہی ہو ناں.. میرے لئے بھی چائے بنا کر لاؤ

عاقب نارمل انداز میں دوبارہ ٹانگ پہ ٹانگ چڑھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کر بیٹھ گیا..عینہ کا تو منہ کھلا کا کھلا ہی رہ گیا..اندر سے وہ گھبرا
..بھی رہی تھی..لیکن مضبوط بنے کی کوشش کرتی رہی
میں یہ فلیٹ اج چھوڑ دوں گی...اس لئے آپ جائیں یہاں
..سے پلیز...مجھے مزید تنگ مت کریں
عینہ کی بات سن کر عاقب کے تاثرات دیکھنے والے تھے..چہرہ
اور آنکھیں غصے سے لال ہو گئ تھیں..لب بھینچے کتنی ہی دیر وہ عینہ کو
..دیکھتا رہا..پھر یقدم ہی ڈھاڑنے کے انداز میں بولا
"..جا کر تو دیکھاؤ...تمہاری ٹانگیں نہ کاٹ دوں"
..عینہ کے تو سن کر تن بدن میں اگ لگ گئ تھی..اپنی تذلیل پر
...آپ کو پتہ آپ سے بڑا پاگل کوئ نہیں ہے اس دنیا میں
..وہ بھی سارے لحاظ بالائے طاق رکھتے چلائ
مجھے افسوس میں اسے ٹریٹ کرنا جسے کہیں کہ شہزادہ گلفام ہیں
اپ...اور اب اسے بے ہیو کر رہے جسے اس دنیا کے مالک
آپ ہیں....اور اور اتنا غصہ ہے مجھے آپ پر..میں اکیلے بھی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پرزینٹیشن دینے جا سکتی تھی.. لیکن نہیں فضول میں میرے
ساتھ چلے گئے.. جسے وہاں ایورڈ ملنا ہو.. اور سارا دن بھوکا رکھا..
میرا اتنا پیارا سوٹ جل گیا.. اور وہ اتنی پیاری میکسی
آپ کی وجہ سے مجھے چھوڑنی پڑی... اور وہ فاریہ ایک نمبر کی
بد دماغ لڑکی... "جاہل کہیں کی.." آپ کو یہ سب اُس کے
ساتھ سوٹ کرتا... مجھے اتنی کمزور اور معصوم مت سمجھنا... کبھی
زبان کاٹنے کی دھمکی.. کبھی ٹانگیں کاٹ دوں گا.. "لکڑی کی بنی ہیں..؟؟"جو
!!.. کائیں گے..؟ ہاتھ تو لگا کر دیکھائیں
عاقب پر مسرور سا کھڑا عینہ کو دیکھ رہا تھا جو بنا سوچے سمجھے بول
.. کر اپنے دل کا غبار نکال رہی تھی
.. اور جن چکروں میں یہاں اتے ہیں ناں.. وہ میں کبھی
عینہ بولتے بولتے لڑکھڑائی تھی... اچانک کمزوری سے اُسے چکر
.. سا ایا تھا
"عینہ تم ٹھیک ہو..؟؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Wajdan Mobbhat | By Pakezza Tayyab (Episode 5)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عاقب نے بے قراری سے اُسے تھاما تھا اور ایک بازو اس کے گرد حمائل کیا تھا..

عینہ نے تھوڑی ہی دیر میں خود کو سنبھال لیا تھا..

چھوڑیں مجھے ٹھیک ہوں میں...

بے دردی سے بازو ہٹاتے بولی..

تم نے کچھ نہیں کھایا ہوا...رکو میں جوس لاتا ہوں..

ضرورت نہیں ہے مجھے آپ کی ہمدردی کی..

دیکھو ارام سے بیٹھ کر بات کرتے ہیں..

آرام سے بات...ارام تو چار دن سے آپ نے میری زندگی سے نکال دیا ہے..مجھے تو سوچ سوچ کر وحشت ہوتی..آپ کس نیت سے اتے تھے اور نا جانے کب کب اتے تھے..میں اتنی بے خبر کسے سو جاتی تھی..کہ اپنی عزت کی محافظ ہی سنہ بن پے

عینہ....

میری نیت پر کبھی شک مت کرنا..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

...عاقب نے وارن کرتے کہا

"اچھا تو پھر یہاں میوزیم کھلا ہے جو دیکھنے اتے تھے..؟؟"

..عینہ نے چیختے ہوئے پوچھا

"عینہ تمہے میں ایسا لگتا ہوں..؟؟"

..شکوہ کن لہجے میں پوچھا گیا

مجھے تو آپ کسے بھی نہیں لگتے تھے..باس کی حثیت سے عزت کرتی تھی..لیکن میں جانتی نہیں تھی..آپ تو عزت کے لائق ہی نہیں ہیں..جو دوسروں کی عزت..

..افسوس سے بتایا گیا

"تمہے میں عزتوں کا لُٹیرا لگتا ہوں...؟؟"

انکھوں میں شکایت لیے جنونی انداز میں عاقب نے عینہ کے دنوں بازو سختی سے دبوچتے پوچھا...عاقب کے اس طرح کرنے سے عینہ کی ریڑھ کی ہڈی میں سنسناہٹ ہوئی تھی..اور دل زور سے ڈھرکا تھا...اُس سے عاقب کی انکھوں میں زیادہ دیر دیکھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..نہیں گیا تھا

میں نہیں جانتی آپ کیوں آتے تھے یہاں... لیکن اُس دن کی

..حرکت سے کچھ بھی اخذ کیا جا سکتا ہے

عینہ نے اپنے آپ کو چھڑواتے ادھر اُدھر دیکھتے اٹکتے ہوئے

..کہا

مجھے تم سے یہ امید نہیں تھی.. تم نے میری انکھوں میں اپنی لئے

..تو کیا کسی اور کے لئے بھی احترام نہیں دیکھا

..عاقب سر کو دائیں سے بائیں کرتے افسردہ سا بولا

کبھی دیکھا ہے. مجھے کسی لڑکی کو بے باکی سے دیکھتے ہوئے..؟؟ میں تو

..بس تمہے

..عاقب بولتے بولتے رک گیا

ہاں تو مجھے خوش ہونا چاہیئے راتوں کو کوئی میرے کمرے میں

دبے پاؤں اتا ہے.. میں تو جھوموں ناں.. آپ مجھ سے ملنے اتے ہیں..

..چوروں کی طرح

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اگر کسی کو پتہ چل گیا تو کیا عزت رہ جائے گی میری..
راتوں کو لڑکے بُلاتی ہوں اپنے کمرے میں... کسے اپنی صفائی پیش کروں گی.. کیا ثابوت دوں گی.. میں ابھی بھی پاک دامن ہوں... یہ سوچ سوچ کے میرے دماغ کی نسیں پھٹ جائیں گیں.. میرے بہن بھائی کیا سوچیں گے.. اکیلی رہ کر بد کردار ہو گئ.. اس لئے اکیلی رہنا چاہتی تھی..

نہیں عینہ ایسا مت سوچو... تم پاکیزہ ہو.. باکردار ہو..

ہاتھ مت لگائیں مجھے..

عاقب عینہ کو نرم لہجے میں پیار سے سمجھا رہا تھا کہ عینہ نے فوری اُس کا ہاتھ جھٹکا.. اور آنکھیں رگڑیں..

ذرا سوچیں آپ کی بہن کے کمرے میں کوئ ایسے آئے.. تو وہ کسے اپنے کردار کی صفائ دے گی.. یقین کریں گے آپ لوگ... چاہے وہ چیخ چیخ کر کہے... آپ لوگ یقین نہیں کریں گے..

عینہ نہ میں سر ہلاتے بولی اب اُس کا چہرہ انسوؤں سے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بھیگ گیا تھا.. اور عاقب کا دل کسی نے جیسے مٹھی میں لے لیا تھا..

میں ثابت نہیں کر پاؤں گی... نہیں کسی کے سوالوں کا جواب دے پاؤں گی.. نا جانے بیلڈنگ میں کس کس نے آپ کو اتے دیکھا..

کل میں نیچے سٹور تک گئی تھی دودھ لینے.. ساتھ والی فردوس انٹی نے اتنی مشکوک نظروں سے دیکھا.. جیسے انہیں سب پتہ ہو..

عینہ وہیں زمین پر تھکے ہوئے انداز میں بیٹھ گئی.. اُس میں کھڑے ہونے کی سکت نہیں رہی تھی.. عاقب کو لگا وہ کبھی اُسے سمیٹ نہیں پائے گا.. جتنی بری طرح وہ بکھری تھی..

عینہ کسی کو پتہ نہیں چلے گا.. چلو میرے ساتھ... میں بتاؤ گا سب کو تم سے زیادہ پاکیزہ اس دنیا میں کوئی نہیں..

عاقب اس کے سامنے جھکتے ہوئے شدت سے چور لہجے میں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..بولا

..عینہ نے سر اُٹھا کر بھیگی انکھوں میں سوال لیے اُسے دیکھا

آپ جیسے لوگ کچھ نہیں کر سکتے..بس ٹائم پاس چاہیئے..

..آپ امیر زادوں کو

....اٹھو

..عاقب نے عینہ کو سختی سے دبوچتے کھڑا کیا

...چلو میرے ساتھ میں بتاتا ہوں..میں کیا کر سکتا ہوں

ڈوبٹا لو سر پہ ورنہ مجھے اسے لے جانے میں کوئی مسئلہ

نہیں..عاقب کے تاثرات دیکھ کر عینہ کا دل ڈوب کے ابھرا

..تھا...اور انکھوں میں واضح خوف اچھلکولے مارنے لگا تھا

...کہ کہاں لے کر جا رہے ہیں

...بتاتا ہوں

..بہت بے یقینی ہے ناں تمہے...اج تمہاری بے یقینی ختم کر دوں گا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Wajdan Mobbhat | By Pakezza Tayyab (Episode 5)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..سحر نے چائے لا کر ٹیبل پر رکھی..اور سب کو کپ سرو کیے

..اُس کے چہرے پر اس وقت ضرورت سے زیادہ سنجیدگی تھی

..میں کھانا دیکھ لوں...آپ لوگ چائے پیئے

نہیں سحر تم بس چلنے کی تیاری کرو...کھانا ہم کسی ہوٹل میں

...کھا لیں گے...بہت کام ہیں گھر

ایمان فکر مندی سے چائے کی پیالی اُٹھاتے بولی...یاسر نے

..کن اکھیوں سے سحر کو دیکھا..اس وقت وہ بھی خاموش تھا

اپی میں نے پہلے بھی کہا تھا..مجھے نہیں انا...آپ لوگوں نے

...خوامخواہ انے کی زحمت کی

سحر نے بے چارگی سے کہا تو ایمان کے سر پہ لگی تلوے

..پہ بجی

تمہارا دماغ سیٹ ہے..ہم تمہے اتنے پیار اور خلوص سے لینے ائے ہیں

...اور تم پھر اپنی ضد پر اڑی ہو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیا ہو جائے گا شادی پہ اکر... سب پوچھیں گے.. میرے میکے سے کون کون ایا ہے.. اور یاور کے سسرال والوں کو کیا کہوں گی... کچھ خیال ہونا چاہیئے تمہے بھی..

ایمان نے اج اگلی پچھلی کشر نکالنے کا ارادہ کر لیا تھا.. سحر نے انکھوں میں امید لئے یاسر کو دیکھا.. لیکن جب اُس نے بھی نظریں پھیر لیں تو سحر مایوس سی ہو گئ..

انس اور عابی مارکیٹ گئے ہوئے تھے.. اب سحر کو اکیلا پن شدت سے محسوس ہوا...

اپی میں کیا کروں گی وہاں..

سحر انگلیاں مڑوڑتے بولی..

"لوگ شادی پر کیا کرتے ہیں..؟؟"

اپی لوگ آپ سے میرے ہزبینڈ کا پوچھیں گے وغیرہ

وغیرہ... پھر لوگوں کے سوال..

اپی پلیز سمجھیں... میں کسی سے نہیں مل سکتی... کسی نے مجھے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..پہچان لیا تو

"تو کیا ہو گا...؟؟"

"کس سے بھاگ رہی ہو تم...؟؟"

"کیوں اُس شخص سے چھپ رہی ہو...؟؟"

..اج مجھے بتا ہی دو... ختم کرو یہ قصہ

یا سر کو نہ دیکھو... وہ اتنے مان سے لینے ائے تھے.. اور تم نے اُن کا مان

...ہی توڑ دیا

..اج مجھے اپنے ہر سوال کا جواب چاہیئے

..ایمان غصیلے انداز میں چیخی.. سحر کا چہرہ فق ہو گیا تھا

جب اُس کے ساتھ رہنا ہی نہ تھا تو شادی کیوں کی تھی...؟؟یا

اُس نے تمہے چھوڑا...؟؟

..سحر بتا دو

..نہ اپنی زندگی برباد کرو

..ایمان سحر کو جھنجھوڑتے ہوئے منت بھرے انداز میں بولی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

.. سحر نے اپنے لب سختی سے بھینچے ہوئے تھے

"تم نے اُسے فون کیوں کیا تھا...؟؟"

سر کے بل ایا تھا وہ میرے افس میں.. نمبر کی انفارمیشن لے کر..

یاسر تحمل سے سحر کو دیکھتے بولا... تو ایمان نے نا سمجھی سے پہلے یاسر کو دیکھا پھر سحر کے بھیگے چہرے کو..

"کیا مطلب اپ جانتے ہیں...؟؟"

تمہاری بہن اپنے ساتھ ساتھ کسی کو زندہ لاش بنا چکی ہے.. اور حیرت کی بات پتہ ہے کیا ہے.. وہ شخص اب بھی عینہ اتنی عقیدت سے کہتا ہے جسے....

یاسر بولتے بولتے چپ کر گیا تھا.. ایک ٹیس سی اُٹھی تھی اُس کے دل میں.. 'دو محبت کرنے والوں کو اس طرح جیتے دیکھ کر" میں نے کہا تھا زندگی میں اگے بڑھ جائیں..

سحر بھیگی اواز میں اٹکتے ہوئے بولی..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..ایمان حیرانگی سے دونوں کو دیکھ رہی تھی

..مجھے کوئی بتائے گا کچھ

زبردستی شادی کی تھی اُس نے..اُس کی ہی سزا دے رہی

...ہے...یہ

..یاسر سر جھٹکتے جتاتے ہوئے بتا رہا تھا

نہیں بھائی..میں نے اُن کو سزا نہیں دی..میں نے وہ مقدر

..کا لکھا مان لایا تھا..میں تو بس اُن کے لائق ہی نہیں تھی

..سحر بے بسی سے بولی

مجھے سچ جاننا ہے...سحر اج بتا دو...یاسر آپ بھی جانتے

..ہیں..بولو سحر

بیٹھو ادھر...عابی کے انے سے پہلے پہلے بتا دو...مت جیو

...اسی زندگی

..ایمان نے نرمی اور پیار سے سحر کو صوفے پر بیٹھاتے کہا

سحر کے پاس اب بتانے کے علاوہ کوئی راستہ نہیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تھا..یاسر خفگی سے اُٹھ کر جا چکا تھا..ایمان نے سحر کے ہاتھ
..تمام لئے..جس سے اُسے ڈھارس ملی
..میں اُن کے ساتھ نہیں جانا چاہتی تھی
..سحر ایک کرب کے الم میں بول رہی تھی
ماضی
..نہیں میں نہیں جاؤں گی
عینہ احتجاج کرتی رہی..لیکن عاقب اُس کے سر پر ڈوبٹا
ٹھیک سے دیتے..زبردستی گھسیٹتے ہوئے فلیٹ سے نکلا..اُس کے
چہرے پر اس وقت چٹانوں والی سختی تھی..سب سے زیادہ
...تکلیف دہ بات اُس کی نیت پر شک کرنے کی جو تھی
"اب میں تمہے بتاؤ گا..."کیا تھی میری نیت
گاڑی کا دروازہ کھولے اُس کو اندر بیٹھاتے بولا..اور خود پھرتی سے
..ڈرائیونگ سیٹ پر اکر بیٹھ گیا
عینہ کو سب سے پہلے یہ خیال ایا تھا..کس کس نے یہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

منظر دیکھا ہو گا.. اسی لئے وہ ارد گرد نظریں ڈورانے لگ گئ.. اکا دکا لوگ تھے. جو اپنے اپنے کاموں میں مصروف تھے.. بس چوکیدار نے پورے دھیان سے یہ سب دیکھا تھا..

عاقب گاڑی فل اسپیڈ سے چلاتا لب سختی سے ایک دوسرے میں پیوست کیے ہوئے تھا..

عینہ کو اُس سے وحشت سی انے لگی.. وہ خوفزدہ چہرے کے ساتھ عاقب کو دیکھتے گاڑی کے دروازے کے ساتھ چپک کر بیٹھ گئ..

عاقب نے ایک نمبر ملایا اور مختصر سی بات کے بعد کال کاٹ دی..

عینہ کے سر کے اوپر سے سب کچھ گزر گیا تھا.. تھوک نگلتے وہ ڈرتے ڈرتے بولی.. کیونکہ عاقب کا ایسا روپ اُس نے پہلی بار جو دیکھا تھا..

"اپ کہاں لے کر جا رہے ہیں...؟؟"

".. اپنی نیت دیکھانے"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..سرد لہجے میں جواب ایا تھا

...کک کیا مطلب

عینہ کی گھبرائی اواز سن کر عاقب نے گردن ٹھہری کر کے اُسے

...دیکھا....اور طنزیہ مسکرایا

..آپ اچھا نہیں کر رہے..نہ کریں

..گاڑی ایک جھٹکے سے رکنے پر عینہ نے التجایا لہجے میں کہا

"اب مس عینہ میں آپ کو اپنی نیت نہ دیکھاؤ...؟؟"

...چلو نکلو

..عاقب بول کر گاڑی کا دروازہ کھولنے لگا

..میں نہیں جاؤں گی

تم نے ہی پوچھا تھا کیا نیت تھی میری...کیا ارادے تھے

میرے..تمہارے فلیٹ پر چوروں کی طرح انے کے..اب

..میں دیکھا کر رہوں گا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں کسی ہوٹل کے کمرے کی بجائے بادشاہی مسجد میں لے کر ایا ہوں..

ناجائز کی بجائے جائز رشتہ جائز طریقے سے بنانے ایا ہوں..

اب میری نیت اور ارادہ پتہ چل گیا..

اندازہ ہوا...؟؟

پورے اعتماد سے باہر کی طرف نظر دوڑائے ایک حذب کے الم میں بول رہا تھا..

عینہ کو مسجد کو دیکھتے اندازہ ہو گیا تھا اُس نے ایک باکردار شخص کی عزت کو للکارا تھا...رہی سہی کسر دور کھڑے یاسر کو دیکھ کر پوری ہو گئ تھی..جو کسی مولوی سے کچھ بات کر رہا تھا..

نہیں میں نہیں نکلو گی...مجھے واپس جانا ہے..

ہاتھوں کو سختی سے ایک دوسرے میں پھنسائے جھکے سر کو زور زور سے ہلائے وہ نہ کی گردان کر رہی تھی..

ٹھیک ہے..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

.چھوڑاتا ہوں واپس

اب دیکھنا وہاں لوگ کیا سوچ رہے ہوں گے..ایک گاڑی میں لڑکی گئ اور دو گھنٹے بعد واپس اگئ.."اجڑی ہوئ حالت میں.."تمہاری ایسی بکھری ہوئ حالت دیکھ کر کوئ کچھ بھی اخذ کر سکتا ہے..جسے مجھے تمہارے فلیٹ پر ادھی رات کو جاتے دیکھ کر (اخذ کر سکتا ہے..(وہ اور بات اج تک کسی نے دیکھا نہیں ..دل میں کہا گیا تھا

حالانکہ میں تمہارے ساتھ کچھ نہیں کروں گا..اسے ہی واپس چھوڑاؤں گا...لیکن اب ناجانے لوگ کیا سوچیں ..گے...میں تو نہیں نہ جانتا...ہاں تم اچھے سے جانتی ہو عاقب کن اکھیوں سے دیکھتے اپنی مسکراہٹ دبائے کندھے اچکاتے (بولا..وہ عینہ کی کمزوری جان گیا تھا..(لوگ کیا سوچیں گے ..اُس کی توقع کے مطابق عینہ کے تاثرات بدلے تھے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

لوگ میرے کردار پر انگلی اُٹھائیں گے... مجھے سر اُٹھا کر جینے نہیں دیں گے... اور یہ سب آپ کی وجہ سے ہوا ہے.. عینہ سوچتے ہوئے ایک دم ترش لہجے میں بولی

ہاں لوگ تو ایک ساتھ بیٹھے لڑکا لڑکی کو بھی شک کی نگاہ سے ہی دیکھتے ہیں.. چاہئے وہ اپس میں کزن ہوں یا بہن بھائی... بس چہ مگیاں شروع کر دیتے.. میں تو پھر رات کو نا جانے کتنی دفعہ تمہے دیکھنے ایا ہوں.. لیکن کسی کو کیا پتہ میں کیوں اتا ہوں.. میرے ارادے تو نہیں سنہ پتہ اُن کو.. اور تم اپنے بہن بھائی کو کیا کہو گی.. اگر انہیں کسی نے بتا دیا تو... میں تو صاف سچ بتاؤ گا... تم نے ہی تو کہا تھا جھوٹ بول کر گناہ ملتا ہے.. لاپرواہی سے بولا جا رہا تھا اور عینہ کے دماغ سائیں سائیں کرنے لگ گیا تھا..

نہیں میں اپنے اوپر کسی کو انگلی نہیں اٹھانے دوں گی.. یہ سب آپ جان بوجھ کر کر رہے ہیں.. اب میں آپ کو بخشوں گی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..نہیں.. آپ کو آپ کے کیے کی سزا دے کر رہوں گی

آپ کو بہت شوق چڑھا ہے ناں مجھ سے شادی کرنے کا....بدلہ لے رہے ناں میری بدتمیزی کا.. چلیں لیں بدلا.. میں بھی مضبوط عینہ ..ہوں....ہمت میں بھی نہیں ہاروں گی

...چلیں

عاقب نے ہوا میں تیر چلایا تھا جو سیدھا نشانے پر لگا ..تھا

عینہ اٹل لہجے میں کہتے چہرہ صاف کرتے گاڑی سے نکلی.. تو عاقب مسرور سا ہونٹوں پر فتح کی مسکراہٹ لیے گاڑی لاک ..کرتے یاسر کی طرف بڑھا

نکاح کے بعد یاسر نے عینہ کے سر پر ہاتھ رکھ کر ڈھیروں دعائیں دیں تھیں...عینہ نے شکوہ کناں نظروں سے یاسر کو دیکھا.. ..یاسر شرمندہ سا عاقب کی طرف متوجہ ہو گیا

..واپسی پر گاڑی میں فل خاموشی تھی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عینہ کا چہرہ ہر تاثر سے اڑی تھا.. وہ چپ سادھے ہوئے تھی.. نکاح کے بعد اُسے عجیب سی فیلینگز ارہیں تھیں.. عاقب کے چہرے پر پر سکون سی ہلکی سی مسکراہٹ تھی جو اُس کے چہرے کی بھڑی ہوئی شیو پر جچ رہی تھی.. اُس کی پرسنیلٹی سب سے مختلف تھی.. عینہ کے سامنے وہ کچھ تھا اور باقیوں کے سامنے وہ کچھ...

گاڑی مین گیٹ سے جب پورچ کی حدود میں داخل ہوئی تو عینہ کے سچ میں پسینے چھوٹ گئے.. سہمے ہوئے انداز میں عاقب کو دیکھا..

اب میں تمہے تمہارے فلیٹ پر تو لے جانے سے رہا.. بیوی ہو تو اپنے گھر ہی لاؤں گا... لوگوں سے چھپا کر تو نہیں نہ رکھنا.. "ہمارا رشتہ"

عاقب اپنے مام ڈیڈ کے ری ایکشن سے اندر ہی اندر ڈر رہا تھا.. لیکن عینہ کے سامنے مضبوط بنا رہا..

مسز عینہ عاقب آپ خیالوں کی دنیا سے نکل ائیں اور اُتریں گاڑی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سے.. یہ رسم کے مطابق دلہن کو دلہا گود میں اُٹھا کر لے کر جائے..

عاقب انکھوں میں شوخی لیے عینہ کے چہرے کے نزدیک ہوتے بولا تو عینہ بدک کر پیچھے ہوئی اور ایک سیکنڈ کی بھی دیر کیے بنا باہر نکلی..

عاقب بامشکل اپنا قہقہ روکتے گاڑی سے اُترا.. گہری سانس لیتے اُس نے عینہ کا ہاتھ پکڑا.. عینہ نے مزاحمت کرنے کی کوشش کی تو عاقب نے مزید مضبوطی سے تھام لیا اور اندر لے جانے لگا..

تمہارے ساتھ ہونے سے مجھے طاقت ملے گی. اپنے ماں باپ کا سامنا کرنے کی..

وہ دل میں سوچتے لاونج کا دروازہ کھولتے اندر داخل ہوا.. عینہ نروس سی اُس کے ساتھ قدم سے قدم ملا کر چل رہی تھی..

شفق بیگم اور شاہد صاحب لاونج میں بیٹھے چائے سے لطف اندوز ہو رہے تھے.. عاقب کو اسے اتے دیکھ کر ایک دم ٹھٹکے..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عینہ نے اُن کے تاثرات دیکھ کر بے خیالی میں دوسرے ہاتھ سے بازو تھام لیا..

"عاقب یہ کون ہے..؟؟"

شفق بیگم الرٹ ہوتے بولیں..

مام ڈیڈ...! یہ آپ کی بہو ہے..

اب بتائیں... میرا انتخاب اچھا ہے یا آپ لوگوں کا..

سینہ تان کر پوچھا گیا تھا

شفق بیگم نے شاکڈ ہوتے عینہ کو دیکھا.. جو نظریں جھکائے شرمندہ سی ڈری ہوئی کھڑی تھی.. سلیقے سے ڈوبتا لئے.. پورے استین والی قمیض پہنے مشرقی لباس میں وہ پہلی ہی نظر میں کسی کو بھی اچھی لگ سکتی تھی.. شفق بیگم نے یقدم اپنے تاثرات بدلے.. رشتہ یاد آنے پر اُن کے چہرے پر ناگواری سے اگئ..

شاہد صاحب خاموشی سے کھڑے یہ سب ملاحظہ فرما رہے تھے..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عاقب یہ کیا مزاخ ہے..ابھی میں نے بات کی تھی

..بس اور تم نے اپنی پسند ہمارے سامنے لا کر کھڑی کر دی

مام ڈیڈ میں نکاح کر کے پورے حق سے اپ لوگوں کے سامنے لایا

..ہوں

"کیا بکواس کر رہے ہو...؟؟"

"نکاح"

...وہ بھی ایسے

..اس حلیے میں

..کس کچرے سے اُٹھا کر لائے ہو اسے

شفق بیگم نے طنزیہ کہا تو عینہ کو اپنی سبکی برداشت کرنے کے

..لئے ہونٹ کچلنے پڑے

!!...مام پلیز

ڈیڈ مام کو سمجھائیں..اسے ٹیپکل عورتوں کی طرح بے ہیوو نہ کریں..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں نے آپ سے پہلے بھی کہہ دیا تھا.. میں اپنی زندگی کی ساتھی پسند کر چکا ہوں.. آپ لوگوں کو تو خوش ہونا چاہئے..

عاقب اتنی جلد بازی...

ہم پہ بھروسہ نہیں تھا..؟؟

شاہد صاحب نے گہری سانس لیتے استفار کیا..

ڈیڈ بس حالات ہی کچھ ایسے ہو گئے تھے..

کیوں اس کے گھر والوں کو اس کی کرتوتیں پتہ چل گئی ہیں.. جو تمہے نکاح کرنا پڑا.. یا اس نے ہمدردیاں سمیٹی ہیں.. لگے تو کسی اچھے گھر کی رہی ہے..

شفق بیگم عینہ کو اوپر سے نیچے تک دیکھتے کاٹ دار لہجے میں بولی.. تو شاید صاحب نے اپنی بیگم کو آنکھیں دیکھائیں.. وہ عینہ کو افس سے جانتے تھے.

عینہ کو اس سب کی توقع نہیں تھی وہ جلد بازی میں غلط فیصلہ کر

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Wajdan Mobbhat | By Pakezza Tayyab (Episode 5)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

چپکی تھی..اس سب کے بارے میں اسے وہم و گمان بھی نہیں تھا..

مام پھر ارام سے کہہ رہا ہوں..اگر عزت نہیں دے سکتیں تو تذلیل بھی نہ کریں..

انٹی آپ کے بیٹے..

عینہ کچھ بولنے ہی لگی تھی کہ عاقب نے سختی سے اُس کا ہاتھ دبایا..اور نظروں سے چپ رہنے کا کہا..

اووا اس کے منہ میں زبان بھی ہے..

شفق بیگم استہزیہ ہنستے ہوئے بولی..

عاقب کیا تماشا ہے یہ...

شاہد صاحب کو ابھی بھی یقین نہیں ایا تھا..

یہ لیں نکاح نامہ..

عینہ کا ہاتھ چھوڑ کر عاقب نے کاغذ شاہد صاحب کی طرف بڑھائے...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عاقب انجانے میں غلطی کر گیا تو جو اُسے بہت مہینگی پڑنے والی تھی..

آپ کے بیٹے نے زبردستی شادی کی ہے مجھ سے..اس لئے مجھے بے عزت کرنے کی بجائے اپنے بیٹے گریبان پکڑیں...اتنی گیری ہوئی بھی نہیں ہوں میں جو اپنی تذلیل خاموشی سے برداشت کروں..

پوچھیں اپنے بیٹے سے کیوں کی اُس نے مجھ جیسی سے شادی..

عینہ عاقب کی گھوریوں کو نظر انداز کرتے پھٹ پڑی..اس کی برداشت کی حد یہیں تک تھی..

شفق بیگم منہ کھولے عینہ کو دیکھنے لگیں..

ڈھٹائی کی حد ہے...

شفق بیگم کو یقین نہ ایا تھا..اس لئے نخوست سے بولیں..

مام ڈیڈ عینہ سچ کہہ رہی ہے..میں نے زبردستی شادی کی ہے..

عاقب فوری بولا...شاہد صاحب نے افسوس سے اپنے بیٹے کو دیکھا..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..شاہد آپ کچھ بول کیوں نہیں رہے ہیں

تمہارے بیٹے نے اس بچی کے سامنے سر جھکا دیا ہے میرا.. یہ ہمارے افس کی بہت اچھی باکردار ایمپلوئے ہے.

..شاہد صاحب نے تیز لہجے میں بتایا

...کیوں کیا یہ

...شاہد صاحب نے نکاح نامہ دیکھاتے پوچھا

کیونکہ میں اس سے پیار کرتا ہوں.. اور مجھے لگا آپ لوگ میری بات نہیں مانیں گے..

..عاقب نظر جھکائے بتا رہا تھا

..عینہ نے جھٹکے سے عاقب کو دیکھا وہ کیا بول رہا تھا

شاہد کوئی جادو کر دیا ہے اس لڑکی نے.. میرا بیٹا اس کی سائیڈ لے رہا ہے..

مام میں سچ کہہ رہا ہوں.. پیار کرتا ہوں.. نہیں رہ سکتا اس کے بغیر.. صبح ڈیڈ نے جب فاریہ کا ذکر کیا تھا.. میں ڈر گیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تھا کہیں میں اپنی زندگی کھو نہ دوں.. اس لئے میں نے یہ سب کیا..

عاقب اپنا ماں کو سمجھا ہی رہا تھا کہ اُسے کسی کے گیرنے کی اواز ائ..

عینہ..

عاقب فوری عینہ کی طرف لپکا.. جو پھر سے بے ہوش ہو گئ تھی..

وہ بے قراری سے اُس کے ہاتھ ملنے لگا..

شفق بیگم بھی گھبرا گئیں تھیں..

ڈیڈ ڈاکٹر کو کال کریں.. یہ پہلے بھی بے ہوش ہو گئ تھی.. میں روم میں لے کر جا رہا ہوں.. بے قراری اور فکر مندی سے کہتے وہ عینہ کو بازوؤں میں اُٹھائے کمرے کی طرف بڑھا..

شاہد صاحب نے فوری ڈاکٹر کو فون کیا...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مام کچھ لائیٹ سا بنوا دیں.. اس نے کافی دنوں سے ٹھیک سے کچھ کھایا نہیں ہے.. اس لئے کمزوری ہو گئی ہے... میں ڈرائیور سے یہ دوایاں منگوالوں..

ڈاکٹر کے جانے کے بعد عاقب پریشانی سے کہہ کر کمرے سے نکلا..

شفق بیگم تو اپنے بیٹے کا پاگل پن دیکھ کر رہ گئیں.. عاقب کا یہ روپ وہ پہلی بار جو دیکھ رہیں تھیں.. اور پھر بیڈ پر لیٹے وجود کو دیکھا.. جس کے چہرے پر اس وقت زمانے بھر کی تھکن تھی..

وہ گہری سانس لیتے کمرے سے نکل گئیں.. جو بھی تھا.. وہ اتنی جلدی یہ سب قبول نہیں کر سکتی تھیں..

جاری ہے.

جزاک اللہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

امید ہے آپ کو یہ ناول پسند آیا ہو گا اپنی قیمتی رائے سے ہمیں ضرور آگاہ کیجئے

فی امان اللہ

اپنا خیال رکھیے اور ہمیں اپنی دعاؤں میں یاد رکھیے اللہ آپ کے لیے بھی خیر و

عافیت کا معاملہ فرمائے

آمین

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel